© rasailojaraid.com

ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات اُن کی

☆ میں چار ماہ بعد حجامت بنواتا ہوں۔ (عبدالکلام۔ صدر بھارت)

جانور دلپذیر نہ ہووے تے!

☆ تھانہ جتوئی کے ایس ایچ او کے خلاف قتل اور چوری کے مقدمات ہیں۔ (ایک خبر)

ایں خانہ ہمہ آفتاب است۔

☆ ''اک پُھل موتیے دا مار''۔ شرابی منصور ملنگی پر جوتوں کی بارش۔ (ایک خبر)

لعنت بے شمار...... بر ہمہ گلوکار...... بکار سرکار

☆ ایسا کونسا پہاڑ ٹوٹ پڑا ہے جسے اتنا اُچھالا جا رہا ہے۔ (فیض بخش مستوئی)

کہ وڈیروں کا تو رات دن یہی کام ہے

☆ ''اسلام شیطانی مذہب ہے''۔ (فرینکلن گراہم۔ نیویارک ٹائمز)

اور ہمارے اوقاف کے وزیر باتدبیر فرماتے ہیں ''امریکہ اسلام دشمن نہیں ہے''۔

☆ شریف خاندان کو الیکشن میں حصہ نہیں لینے دیں گے۔ (راشد قریشی)

پہلے کون سا شریف خاندان الیکشن میں حصہ لیتا ہے!

☆ مذہبی جلوس کشیدگی کا باعث بنتے ہیں۔ ہر گروہ چار دیواری کے اندر اپنی رسومات ادا کرے۔ (غلام سرور قادری وزیر اوقاف)

بات معقول ہے اگر امن مقصود ہو!

☆ یوسف رضا گیلانی، اڈیالہ جیل کی دال کھا کھا کر بیمار ہو گئے۔ (ایک خبر)

اللہ تعالیٰ، یہ دن لوگوں کے درمیان پھیرتا رہتا ہے۔

☆ عرس کے موقع پر خواتین سے چھیڑ خانی۔ (ایک خبر)

[redacted] عرس اور مرس میں فرق ختم ہو گیا!

☆ پتہ نہیں، ہم نے کونسا اسلام لانا ہے۔ (وزیر داخلہ)

لانا نہیں۔ آپ لا رہے ہیں جس میں زنا، شراب جوا، گانا، سُود، رنڈی بازی سب حلال ہے۔

☆ پولیس حرام کھانے کے لئے دنیا میں آئی ہے۔) عدالت عالیہ۔ لاہور)

بلاتبصرہ!

☆ مجاہد پاکستان سے چلے جائیں۔ یہاں جہاد نہیں کرنے دیں گے۔ (وزیر داخلہ)

یہ تو مرزائیوں کا نظریہ ہے!

© rasailojaraid.com